# 11-04-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ تلنگانہ نے جیوتی راؤ پھولے کی یوم پیدائش تقاریب منائیں۔ مرکزی وزیر کشن ریڈی نے دوراندیش مصلح کو گلہائے عقیدت پیش کیا جبکہ نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکا نے خواتین کی تعلیم کیلئے ان کی نمایاں خدمات اور ذات پر مبنی امتیاز کے خلاف بے تکان جدوجہد کو خراج پیش کیا۔

۲۔ بی آر ایس کارگزار صدر کے ٹی آر نے کانگریس حکومت کو غیر جمہوری قرار دیا۔ انہوں نے موجودہ انتظامیہ کے خلاف سخت انتباہ دیتے ہوئے ریمارک کیا کہ وزیر اعلیٰ عہدہ سے ہٹنے کے بعد الگ تھلگ ہو جائیں گے۔

۳۔ وزیر آئی ٹی سریدھر بابو نے حیدرآباد کو گلوبل Global Capabilty سنٹر کیلئے بین الاقوامی کمپنیوں کیلئے ترجیحی مرکز قرار دیا۔

اور

۴۔ رکن پارلیمنٹ ڈی کے ارونا نے ناری شکتی وندن ابھیان پر وزیر اعظم مودی کی ستائش کی۔

## COUNSELLING CENTRE

کلکٹر بھدرادری کوتہ گوڑم انکیت نے آج کوتہ گوڑم کے سرکاری دواخانہ میں نشہ بندی کی کونسلنگ کے مرکز کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کلکٹر نے کہا کہ نشہ آور اشیا کے استعمال کے منفی اثرات سے نہ صرف صحت متاثر ہوتی ہے بلکہ اس کے خاندان اور سماج پر منفی اثرات بھی پڑتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ مرکز نشہ کے شکار متاثرین کو جامع علاج اور باز آبادکاری کی خدمات فراہم کرے گا۔ بعد ازاں کلکٹر نے اسی دواخانہ میں نشہ کو

چھڑوانے کے لئے علاج کے مرکز کا بھی افتتاح کیا۔کلکٹر نے نشاندہی کرتے ہوئے کہا کہ یہ مرکز خصوصی طبی علاج فراہم کرے گا، ماہر ڈاکٹرس بازآبادکاری کی خدمات کی نگرانی کریں گےاور مسلسل کونسلنگ کی خدمات فراہم کی جائے گی۔

YADADRI

یادادری میں یادگیرگٹہ سری لکشمی نرسمہا سوامی مندر میں شردھالووں کی کثیر تعداد آج دیکھی گئی۔مندر کے اطراف بشمول کلیان کٹہ اوروراٹھا منڈپم کے احاطہ میں شردھالوں کی بڑی تعداد درشن کیلئے دیکھی گئی جن کے لئے انتظامات کئے گئے۔

KTR

ابراہیم پٹنم میں بی آر ایس پارٹی کے کارکنوں کے اجلاس کے دوران پارٹی کے کارگزار صدر کے ٹی راما راو نے چیف منسٹر ریونت ریڈی پر تنقید کرتے ہوئے ان کو ایسا لیڈر قرار دیا جو سماج کے ہر طبقہ سے دغابازی کرتا ہے۔انہوں نے نومنتخب بلدی صدورنشین،کونسلرس اور سرپنچوں کو تہنیت پیش کرتے ہوئے دعوی کیا کہ تلنگانہ کے عوام وزیراعلی اور کانگریس کو یقینی طور پر مسترد کردیں گے۔انہوں نے زوردیتے ہوئے کہا کہ سیاسی طاقت عارضی ہوتی ہے۔انہوں نے الزام لگایا کہ ریونت ریڈی کی حکمرانی گھمنڈ کے ساتھ جاری ہے اوروہ حقیقت کو نظرانداز کررہے ہیں۔انہوں نے غیر جمہوری حکمرانی کے خلاف انتباہ دیتے ہوئے ریمارک کیا کہ وزیراعلی ، اقتدار سے محرومی کے بعد مکمل طور پر الگ تھلگ ہوجائیں گے۔انہوں نے کہا کہ عوام موجودہ انتظامیہ کوان کی ناکامیوں اورر ائے دہندوں کو مسترد کرنے پر یقینی طور پر سبق سکھائیں گے۔

ARRIVE ALIVE

بھدرادری کوتہ گوڑم کے ایس پی روہت راج نے اعلان کیا ہے کہ تلنگانہ حکومت کے ARRIVE ALIVE پہل کا مقصد ڈرائیورس کے ذریعہ بیداری اور بین محکمہ جاتی تال میل کے ذریعہ سڑک حادثات کی روک تھام ہے۔اس ماہ کی 13 تاریخ سے 18 تاریخ تک ضلع پولیس مختلف پروگرام منعقد کرے گی۔انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ ٹریفک قواعد پر عمل میں خود کا نظم وضبط سڑک پر اپنی جان بچانے اور دوسروں کے تحفظ دونوں کے لئے ضروری ہے۔

SRIDHAR BABU

وزیر آئی ٹی سریدھر بابو نے اعلان کیا ہے کہ حیدرآباد گلوبل کیاپبلٹی سنٹرس کے قیام کے لئے عالمی اداروں کیلئے ترجیحی مرکز بن گیا ہے۔انہوں نے نیو یارک کی پیکو ٹکنالوجی کے نمائندوں کے ساتھ ملاقات کی۔اس ملاقات کے موقع پر وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی بھی موجود تھے۔یہ کمپنی اپنے ماتحت ادارہ کے ذریعہ جی سی سی کے قیام کی تجویز رکھتا ہے ۔وزیر موصوف نے کہا کہ بنگالورو اور ممبئی کے مقابلہ حیدرآباد کے مہارت کے حامل افراد، عالمی درجہ کا انفراسٹرکچر اور کم ٹریفک و آلودگی کی سطح ہی اس کی بڑی کشش کا سبب ہے۔انہوں نے کہا کہ ممبئی میں 52 فیصد سے نمایاں طور پر حیدرآباد میں کام کرنے والوں کی تعداد 73 فیصد ہے۔سریدھر بابو نے زور دیتے ہوئے کہا کہ حکومت آئندہ 20 برسوں کیلئے طویل مدتی انفراسٹرکچر کا منصوبہ رکھتی ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ شہر ٹکنالوجی اور مالی خدمات کے لئے مسابقتی عالمی مرکز بن پائے۔

NARI SHAKTI

ریاستی بی جے پی دفتر میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے پارٹی کی قومی نائب صدر ورکن پارلیمنٹ ڈی کے ارونا نے ناری شکتی وندن ابھیان تاریخی طور پر متعارف کرنے پر وزیراعظم مودی کی ستائش کی۔انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ ہندوستانی کلچر میں ہمیشہ خواتین کو قابل احترام نظر سے دیکھا جاتا ہے۔ 33 فیصد تحفظات کے بل نے بالآخر انہیں سیاسی اہمیت دلادی ہے جس کی وہ مستحق ہیں۔انہوں نے خواتین کے کوٹہ کے سلسلہ میں عدم سنجیدگی پر پیشرو حکومتوں کو تنقید کا نشانہ بنایا اور 2029ء کے انتخابات میں اِس کوٹہ پر عمل آوری کیلئے تمام جماعتوں کے ساتھ تال میل کے ذریعہ یہ قدم اٹھانے پر مودی کی ستائش کی۔انہوں نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ مختلف فلاحی پروگراموں کے ذریعہ مودی حکومت خواتین کے وقار کو مسلسل ترجیح دے رہی ہے۔ انہوں نے تمام سیاسی جماعتوں سے تعلق رکھنے والے ارکانِ پارلیمنٹ پر زور دیا کہ وہ اس بل کی تائید کریں تاکہ اس کی کامیابی اور بامعنی اِس کو حقیقت میں تبدیل کرنے کو یقینی بنایا جاسکے۔

KISHAN REDDY

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے لالا پیٹ کے کارتیکا گارڈن میں معذورین میں ضروری اشیاء تقسیم کی۔یہ تقسیم جوتی راؤ پھولے کی 200 ویں یوم پیدائش کے موقع پر کی گئی۔ مرکزی حکومت کی نمائندگی کرتے ہوئے انہوں نے سکندرآباد حلقہ بھر میں تقریباً 2 کروڑ روپے مالیت کی اشیاء فراہم کی جن میں بیٹری سے چلنے والی بائی سیکل، ویل چیر، سماعت کے آلات اور اسمارٹ فون شامل ہیں۔وزیر موصوف نے کہا کہ حکومت نے تعلیم و روزگار میں معذورین کے تحفظات 3 فیصد میں اضافہ کرتے ہوئے اسے 4 فیصد کردیا ہے۔ ہراسانی کو روکنے کے لئے ایس سی /ایس

ٹی ایکٹ کے مساوی قانونی تحفظ کو یقینی بنایا گیا ہے۔حکومت خصوصی ریمس ،عوامی ٹرانسپورٹ کے مراکز اور دفاتر میں قابل رسائی انفرااسٹرکچر کیلئے بڑے پیمانہ پر سرمایہ کاری کرتے ہوئے معذورین کی بہبود کواولین ترجیح دے رہی ہے۔

TGIC

تلنگانہ انوویشن سل (ٹی جی آئی سی) نے 11 اپریل کونلگنڈہ آئی ٹی ٹاور میں انوکھی پنچایت کی کامیابی سے میزبانی کی تاکہ دیہی ٹائلنٹ کو بااختیار بنایا جاسکے۔ٹی جی آئی سی جی اومعراج فہیم کی زیرقیادت منعقدہ اس پروگرام میں کلکٹر نلگنڈہ بی چندر شیکھر نے شرکت کی۔اس پروگرام میں نلگنڈہ، یادادری، سوریہ پیٹ اور حیدرآباد کے اسٹارٹ اپ ایکوسسٹم اور مقامی ابھرتے ہوئے تاجرین کے درمیان تفاوت کوکم کرنا تھا۔اس پروگرام میں تقریباً60 انوویٹرس،طلبہ اور چھوٹے تاجرین نے شرکت کی۔ اس پروگرام میں 12 ماہرین نے فنڈس میں اضافہ، پروٹو ٹائپنگ اور مارکیٹنگ کی حکمتِ عملی پر تبادلہ خیال کیا۔اعلیٰ سطحی رہنمائی اور حکومت کی راست ان اضلاع کو مدد کے ذریعہ ٹی جی آئی سی کا مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ جغرافیائی فاصلہ اختراعی ذہنوں کیلئے کوئی رکاوٹ نہیں ہے۔

TPCC

صدر پی سی سی مہیش کمار گوڑ کا ڈسٹرکٹ کانگریس کمیٹی کی عاملہ کے اجلاس کے موقع پر ملگ میں بڑے پیمانہ پر ریالی کے دوران شاندار استقبال کیا گیا اوران کی گلپوشی کی گئی۔ وزیر سیتااکا،رکن پارلیمنٹ بلرام نائک اور رکن اسمبلی وینکٹ راؤ نے ڈی سی سی صدر اشوک کے ساتھ مل کر ان کا استقبال کیا۔شمع روشن کرنے کی تقریب کے ساتھ اس سیشن کے آغاز کے ذریعہ مہیش کمار گوڑ نے

ارکانِ عاملہ کو حلف دلاتے ہوئے ان پر زور دیا کہ وہ پارٹی کو مستحکم کریں۔ جلسہ کے دوران انہوں نے حکومت کے کارناموں بشمول خواتین کیلئے آر ٹی سی بسوں میں مفت سفر کی سہولت اور باریک چاول کی تقسیم جیسے امور کو اجاگر کیا۔ بھاری قرض کے بوجھ کو عائد کرنے پر پیشرو انتظامیہ پر شدید تنقید کرتے ہوئے انہوں نے مقامی ترقی بالخصوص دیوادولہ پروجیکٹ کیلئے فنڈس کے الاٹمنٹ اور ضلع میں میڈیکل ونرسنگ کالج کے قیام کیلئے حکومت کے عہد کو اجاگر کیا۔

DISTRICT PHULE:

یادادری بھونگیر ضلع کے بھونگیر ٹاؤن میں مہاتما جیوتی راو پھولے کی یوم پیدائش تقریب بڑے پیمانے پر منائی گئی۔ سرکاری وہپ اور آلیر کے رکن اسمبلی بی ایلیا نے بھونگیر کے رکن اسمبلی کے انیل کمار ریڈی کے ساتھ پھولے کے مجسمہ پر گلہائے عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے پسماندہ طبقات کی تعلیم، مساوات اور ان کے حق کیلئے جیوتی راو پھولے کی زندگی بھر جدو جہد کو یاد کیا اور بہتر ومبسوط سماج کی تعمیر میں ان کے ملک کیلئے قابل قدر کارناموں کو بھی یاد کیا۔ جیوتی راو پھولے کی یوم پیدائش تقریب بڑے پیمانہ پر راجنا سرسلہ ضلع میں بھی منائی گئی جہاں ان کے مجسموں اور پوٹریٹس پر گلہائے عقیدت پیش کیا گیا۔ ضلع کلکٹر گریما اگروال نے کلکٹریٹ میں پھولے کو بھرپور خراجِ عقیدت پیش کیا اور اس موقع پر مٹھائیاں تقسیم کیں۔ اس موقع پر سرکاری وہپ اے سرینواس اور کانگریس لیڈر کے کے مہندر ریڈی نے جیوتی راو پھولے، ساوتری بائی پھولے کے مجسموں پر گلہائے عقیدت پیش کرتے ہوئے سماجی اصلاحات میں اس جوڑے کی وراثت کو یاد کیا۔ اس موقع پر بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع کے کلکٹر انکت نے بھی جیوتی راو پھولے کے پوٹریٹ پر گلہائے عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے دوراندیش جہدکار کو یاد کیا جنہوں نے

سماجی مساوات، خواتین کی تعلیم اور انہیں با اختیار بنانے کیلئے خدمات انجام دی تھیں۔ کلٹر نے سماجی انصاف اور سماج کے کمزور طبقات کو اونچا اٹھانے کیلئے پھولے کی زندگی بھر کی لگن کو یاد کیا۔ سرکاری مشیر محمد علی شبیر نے کاماریڈی ضلع میں جیوتی راو پھولے کی 200 ویں یوم پیدائش پر انہیں خراج پیش کیا۔ انہوں نے پھولے کو ایک شاندار مسلح قرار دیا جنہوں نے ذات کے امتیاز اور عدم مساوات کے خلاف لڑائی لڑی۔ نظام آباد کی کلکٹر ایلا تری پاٹھی نے سماجی برائیوں کے خاتمہ اور تاریخی تحدیدات سے نمٹنے کیلئے پھولے کے شاندار رول کی ستائش کی۔ اربن رکن اسمبلی ڈی سوریہ نارائنا گپتا اور میئر کے عمران نے ونائک نگر میں پھولے کے مجسمہ پر گلہائے عقیدت پیش کئے۔ بعدازاں ڈسٹرکٹ بی سی ڈیولپمنٹ ڈپارٹمنٹ کی جانب سے پھولے کی یوم پیدائش تقریب منائی گئی تاکہ عظیم سماجی جہدکار کی وراثت کو یاد کیا جاسکے۔

JYOTIRAO PHULE:

رویندرا بھارتی میں مہاتما جیوتی راو پھولے کی 200 سالہ تقریب سے بحیثیت مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے نائب وزیراعلی ملو بھٹی وکرامارکہ نے انتباہ دیتے ہوئے کہا کہ 2011ء کی مردم شماری کی بنیاد پر حلقوں کی ازسرنو حدبندی سے جنوبی ریاستوں کی بقاء خطرہ میں پڑ جائے گی۔ انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ ریاستی حکومت عوام مرکوز بجٹ کو ترجیح دے رہی ہے اور مزید سماجی انصاف کیلئے بی سی سب پلان پر غور کررہی ہے۔ پھولے کی وراثت کو اجاگر کرتے ہوئے انہوں نے خواتین کی تعلیم میں اس مسلح کے نمایاں کام اور ذات کے امتیاز کے خلاف ان کی جدوجہد کو یاد کیا۔ انہوں نے عوام کو چوکس کرتے ہوئے کہا کہ جاگیردارانہ طاقتیں موافق عوام پالیسیوں کو روکنے کی کوشش کررہی ہے۔ انہوں نے بہوجن طبقہ پر زور دیا کہ وہ متحد

ہوتے ہوئے موجودہ حکومت کا تحفظ کریں۔انہوں نے موجودہ چیالنجز کے باوجود مساوات اور سماجی تبدیلی کے انتظامیہ کے ٹھوس عہد کی تصدیق کی۔

INTTERMEDIATE RESULTS

تلنگانہ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن نے تصدیق کی ہے کہ اتوار کو انٹرمیڈیٹ سال اول اور دوم کے نتائج جاری کئے جائیں گے۔بورڈ کے سکریٹری کرشنا آدتیہ نے اعلان کیا ہے کہ سالانہ امتحانات کیلئے 9.5لاکھ طلبہ حاضر ہوئے جو 26فروری تا18مارچ منعقد کئے گئے طلبہ سرکاری ویب سائٹ www.tgbie.cgg.gov.in پر اپنا ہال ٹکٹ نمبر انٹر کرتے ہوئے مارکس میمو ڈاون لوڈ کر سکتے ہیں۔اس اعلان سے ہزاروں امیدواروں کیلئے وضاحت سامنے آئی ہے جو ریاست بھر میں اپنے نتیجہ کے منتظر تھے۔

OO